21 ستمبر، 2011

بینک پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے 500 روپے کے بینک نوٹ 30 ستمبر 2011 تک تبدیل کرانے کے لئے عوام کو سہولت فراہم کریں، اسٹیٹ بینک

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے مائیکرو فنانس بینکوں سمیت ملک میں کام کرنے والے تمام بینکوں کو ایک بار پھر یاددہانی کرائی ہے کہ وہ پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے 500 روپے کے بینک نوٹ 30 ستمبر 2011 کی مقررہ آخری تاریخ تک تبدیل کرانے کے لئے عوام کو سہولت فراہم کریں۔

اسٹیٹ بینک کی جانب سے آج جاری کردہ ایک سرکلر میں کہا گیا ہے کہ اسٹیٹ بینک /ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (ایس بی پی ایس سی) مذکورہ بالا آخری تاریخ کے بعد نہ تو اس بینک نوٹ کو تبدیل کریں گے اور نہ ہی کسی فرد یا کسی بینک کو اس بینک نوٹ کی مالیت کی ادائیگی کے پابند ہوں گے کیونکہ پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے 500 روپے کے بینک نوٹ کی قانونی حیثیت یکم اکتوبر 2011 سے ختم ہو جائے گی۔

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے عوام کے فائدے کے لئے پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے 500 روپے کے بینک نوٹ کی قانونی حیثیت ختم ہونے اور اس بینک نوٹ کی تبدیلی کے بارے میں انگریزی اور اردو دونوں زبانوں میں پوسٹرز ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن اور تمام بینکوں کو اپنے فیلڈ دفاتر اور شاخوں نیز عوامی مقامات پر نمایاں طور پر آویزاں کرنے کے لئے پہلے ہی فراہم کر دیئے ہیں۔ تمام بینک اور ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن کے 16 فیلڈ دفاتر کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے 500 روپے کے بینک نوٹ کی قانونی حیثیت ختم ہونے اور اس بینک نوٹ کی تبدیلی کی تاریخوں کو اپنی شاخوں میں نمایاں جگہوں پر آویزاں کریں۔

اس ضمن میں تمام بینکوں کو اسٹیٹ بینک کی جانب سے جاری کی جانے والی ہدایات اور دیگر متعلقہ مواد اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ویب سائٹ پر بھی موجود ہے۔

پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے 500 روپے کے بینک نوٹ کی قانونی حیثیت ختم ہونے اور اس بینک نوٹ کی تبدیلی کے بارے میں آگہی کے لئے ایک میڈیا مہم پہلے ہی شروع کی جا چکی ہے۔

پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے 500 روپے کے بینک نوٹ کی تبدیلی کے سلسلے میں عوام کی مشکلات کے ازالے کے لئے ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن نے کراچی میں اپنے ہیڈ آفس میں ایک مرکزی ہیلپ ڈیسک قائم کر دی ہے جس سے ٹیلی فون نمبرز 021-99212491، 021-32455454 اور 021-32455470 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ شکایات ای میل ایڈریس drs500@sbp.org.pk پر یا ترجمان اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو ان کے ای میل ایڈریس syed.wasimuddin@sbp.org.pk پر بھی ارسال کی جا سکتی ہیں۔

مزید برآں، عوام اپنی شکایات کے ازالے کے لئے ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن کے 16 فیلڈ دفاتر سے مندرجہ ذیل ٹیلی فون اور فیکس نمبرز پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ (1) بہاولپور: فون نمبر 062-925503 فیکس نمبر 9255037، (2) ڈی آئی خان: فون نمبر 0966-9280043، فیکس نمبر 9280044، (3) فیصل آباد: فون نمبر 041-9200444، فیکس نمبر 9200412، (4) گوجرانوالہ: فون نمبر 055-9200310، فیکس نمبر 9200309، (5) حیدر آباد: فون نمبر 022-9200605، فیکس نمبر 9200604، (6) اسلام آباد: فون نمبر 051-9201715، فیکس نمبر 9204991، (7) کراچی: فون نمبر 021-99212435، فیکس نمبر 99212465، (8) لاہور: فون نمبر 042-99210452، فیکس نمبر 99210440، (9) مظفر آباد: فون نمبر 05822-921672، فیکس نمبر 921671، (10) ملتان: فون نمبر 061-9200592، فیکس نمبر 9200591، (11) نارتھ ناظم آباد: فون نمبر 021-99260702، فیکس نمبر 99260712، (12) پشاور: فون نمبر 091-9211975، فیکس نمبر 9211963، (13) کوئٹہ: فون 081-9202786، فیکس نمبر 9201518، (14) راولپنڈی: فون نمبر 051-9270751، فیکس نمبر 9270758، (15) سیالکوٹ: فون نمبر 052-4270909، فیکس نمبر 9250353 اور (16) سکھر: فون نمبر 071-9310261، فیکس نمبر 9310259۔

☆☆☆